نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں گندم کے پیداواری مقابلہ 24-2023ء کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب۔

جیتنے والے کاشتکاروں کے لیے کروڑوں روپے کے نقد انعامات

لاہور 27 دسمبر 2023: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق صوبہ پنجاب میں گندم کی پیداوار میں اضافہ اور کاشتکاروں کے مابین صحت مندانہ مسابقت کا جذبہ پیدا کرنے کیلئے گندم کے پیداواری مقابلہ 24-2023 کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔جیتنے والے کاشتکاروں کو کروڑوں روپے کے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔اس ضمن میں 5یا5 ایکڑ سے زیادہ قابل کاشت زرعی اراضی کے مالک مرد وخواتین کاشتکار درخواست دینے کے اہل ہیں۔اس کے علاوہ مشترکہ کھاتہ رکھنے والے زمینداران بھی اہل ہیں نیز مزارعین /ٹھیکیداران بھی دستاویزات کی تحصیل کمیٹی کی طرف سے تصدیق کرانے کے بعد درخواست دے سکتے ہیں۔پیداواری مقابلہ میں حصہ لینے والے گندم کے آبپاش علاقوں کے کاشتکار 5 ایکڑ جبکہ بارانی علاقوں کے کاشتکار 2 ایکڑ متصل فصل گندم جس میں کوئی بھی منظور و تصدیق شدہ قسم کاشت کی گئی ہو،مقابلہ کے لیے پیش کریں گے۔مقابلہ میں حصہ لینے کے لیے شرائط درخواست فارم پر درج ہیں جو متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت(توسیع) اور زراعت آفیسر (توسیع) کے دفاتر سے مفت حاصل کیے جا سکتے ہیں یا محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ **www.agripunjab.gov.pk** سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔فارم کی فوٹو کاپی بھی قابل قبول ہوگی۔مقابلہ جات ضلع اور صوبائی سطح پر منعقد ہوں گے۔اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ،سینیٹرز،ان کے فیملی ممبرز اور گریڈ 17 اوراوپر کے سرکاری ملازمین درخواست دینے کے اہل نہ ہوں گے جبکہ محکمہ مال، محکمہ زراعت، پنجاب کے تمام ملازمین اس مقابلہ میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔ان کے علاوہ وہ ترقی پسند کسان جو ضلعی یا ڈویژنل کمیٹی کے ارکان مقرر ہوں گے وہ بھی اس مقابلہ میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔صوبائی کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہو گا۔**مکمل درخواستیں 31 جنوری 2024ء تک متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع کے دفتر میں وصول کی جائیں گی**۔مزید معلومات ورہنمائی کے لیے کاشتکار بروز سوموار تا جمعہ دفتری اوقات میں زرعی ہیلپ لائن **0800-17000** پر کال کرکے معلومات حاصل کر سکتے ہیں

☆☆☆☆